بلوچستان کا مقبول روزنامہ
Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
Phone: 081-4170013
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED
جلد نمبر 22 | منگل 25 اگست 2026 | 11 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 164

حکومت بلوچستان امن وامان کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو مزید مضبوط بنا رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں مزید اضافہ کے لیے چیف منسٹر پنجاب کو مراسلہ ارسال کیا جائیگا، جس میں پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات، تکنیکی معاونت اور استعداد کار میں بہتری کیلئے تعاون کی درخواست کی جائیگی

انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات تیز کیے جائیں، تاکہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے دستیاب وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشتگرد وحملہ قابل مذمت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سرانان، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 مزدور جاں بحق

واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے میں گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی

کوئٹہ (این این آئی) سرانان کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 مزدور جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو سرانان

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان نیشنل اولیولوجی پالیسی کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

باعزت، محفوظ اور پُرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے، مولانا عبدالواسع

صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ایک شریف شہری صبح گھر سے نکلتے وقت یہ یقین نہیں کرسکتا کہ شام کو بحفاظت واپس لوٹے گا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ باعزت، محفوظ اور پُرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے، مگر بلوچستان کے عوام کو آج اس بنیادی حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کریں، اسپیکر قومی اسمبلی

کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کرتے، احتجاج، محاذ آرائی اور تصادم مسائل کا حل نہیں بلکہ بات چیت ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے

ایوان میں داخل ہو کر آیت الکرسی، درود شریف اور چاروں قل پڑھتا تو ماحول بہتر ہو جاتا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام نہیں ہوا بلکہ نتائج دے رہا ہے اور وزیراعظم و فیلڈ مارشل کی کاوشوں کے باعث ملک کی معاشی صورتحال بتدریج بہتر ہو رہی ہے۔ کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کرتے ہیں، احتجاج، محاذ آرائی اور تصادم مسائل کا حل نہیں بلکہ بات چیت ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا، IMF

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مطابق بجلی شعبے میں سرکلر ڈیٹ کے بہاؤ کو کم کرنا پاکستان کے لیے اہم چیلنج ہے

توانائی کے شعبے کی کمزوریاں پاکستان کے مالی استحکام کیلئے خطرہ ہیں، حکومت نے رواں مالی سال بجلی شعبے کے سرکلر ڈیٹ کے بہاؤ کو مزید کم کرنے کا عزم کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 3 ہزار 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ توانائی شعبے کے مجموعی سرکلر ڈیٹ میں گیس کے شعبے کا حصہ بجلی کے شعبے سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کا توانائی کا شعبہ بدستور مالی دباؤ کا شکار ہے، عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے اس شعبے میں مالی استحکام کے لیے اصلاحات تیز کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

تہران، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے ایرانی وزیر داخلہ کی ملاقات

خطے میں امن واستحکام پر گفتگو

پاکستان کے آرمی چیف کا طے شدہ دورہ ایران دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا۔ اس وقت ایران اور پاکستان کے درمیان تعلقات بہترین مراحل میں سے ایک سے گزر رہے ہیں

تہران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا دفاع کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران جنگ کے خاتمے کیلئے اپنے مخالفین کی شرائط قبول نہیں کرے گا۔ ایران کسی جارح فریق کو یہ اجازت نہیں دے گا کہ وہ جنگ کے خاتمے کی شرائط خود طے کرے

تہران / راولپنڈی (این این آئی) علاقائی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران پہنچنے پر ایرانی وزیر داخلہ سے ملاقات ہوئی جس میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ تہران میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات ہوئی ہے جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔ بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ روابط میں مسلسل بہتری آ رہی ہے۔ ایرانی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مجھے حکومت کیخلاف کوئی سازش نظر نہیں آئی، سینیٹر پرویز رشید

کس کے خلاف توہین عدالت کرنی چاہیے، کس کے خلاف نہیں، یہ ان کے وکیلوں کا کام ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ مجھے حکومت کے خلاف نہ کوئی سازش نظر آئی اور نہ ہی کوئی لاوا نظر آیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں پرویز رشید نے کہا کہ توہین عدالت انہوں نے کی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جشن عید میلادالنبیؐ (کل) 12 ربیع الاول کو مذہبی عقیدت واحترام سے منایا جائیگا

گلی بازار برقی قمقموں، رنگ برنگی جھنڈیوں اور نعلین پاک کے تصویروں سے سجا دیئے گئے، سیکیورٹی کے سخت انتظامات مکمل

جہانیاں (آن لائن) نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے یوم ولادت باسعادت کے موقع پر جشن عید میلادالنبیؐ 12 ربیع الاول بمطابق 26 اگست بدھ کو مذہبی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

موڈیز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے سے بڑھا کر بی تھری کردی

آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے پروگرام پر مسلسل عمل درآمد سے پالیسیوں کی ساکھ مضبوط ہوئی ہے، موڈیز

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی موڈیز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے سے بڑھا کر بی تھری کرتے ہوئے ملک کے لیے مستحکم آؤٹ لک برقرار رکھا ہے، موڈیز نے اس فیصلے کی وجہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کی معاشی جنگ کا جواب موجود ہے، پاسداران انقلاب

ہم ملکوں کے ساتھ آسانی سے معاشی تعلقات استوار کرتے ہیں، کوئی تشویش نہیں ہے، حسین محبی

واشنگٹن (این این آئی) پیر کو امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ کے موقف کے انتظار کے ساتھ ہی پاسداران انقلاب نے اپنے موقف اور دھمکیوں کا اعادہ کردیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق پاسداران انقلاب ایران کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ روابط مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر اتفاق

پاکستان کی جانب سے بنگلہ دیش کو شعبہ قانون میں اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن میں تعاون کی پیشکش کی گئی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال حسین کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاک بنگلہ دیش تعلقات، قانونی اصلاحات اور نظام انصاف کی ڈیجیٹلائزیشن پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی، ن لیگ نے 8 مخصوص نشستوں میں سے 6 جیت لیں

ایوان مکمل ہونے کے بعد نومنتخب ممبران اسمبلی حلف اٹھائیں گے، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب ہوگا

مظفر آباد (این این آئی) مظفر آباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں 8 مخصوص نشستوں میں سے 6 نشستیں (ن) لیگ نے جیت لیں۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخابات ہوئے، خواتین کی 5 مخصوص نشستوں میں پیپلز پارٹی کی 2 اور مسلم لیگ ن کی 3 امیدوار کامیاب ہوئیں۔ خواتین کی 5 مخصوص نشستوں پر ن لیگ کی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، جعفر ایکسپریس 25 اور 26 اگست کو بھی معطل رہے گی، مسافروں کو کرائے ریفنڈ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 25 اور 26 اگست کو بھی نہیں چلائی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران جنگ کا ایک اور اثر، امریکا نے جنوبی کوریا کے ساتھ بڑی فوجی مشقیں منسوخ کردیں

سیول (این این آئی) ایران کے خلاف جاری جنگ کے باعث امریکی فوجی وسائل پر دباؤ بڑھنے کے نتیجے میں امریکا نے جنوبی کوریا کے ساتھ آئندہ ماہ ہونے والی مشترکہ بحری فوجی مشقیں منسوخ کردی ہیں۔ جنوبی کوریا کی میرین کور کے مطابق امریکا نے جون میں باضابطہ طور پر جنوبی کوریا کو آگاہ کیا تھا کہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت کا کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کیلئے مربوط حکمت عملی پر زور

منصوبے کو ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا چاہیے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے کو قابل اعتماد سڑکوں کے رابطے، بجلی و پانی کی فراہمی، صنعتی بنیادی ڈھانچے اور دیگر ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا چاہیے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی (سی ایچ ای سی) کی جانب سے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

موجودہ بائی وفاقی حکومتیں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں، سیاسی جماعتیں

اپوزیشن کی جانب سے ایک الائنس پر متفق ہونا جمہوری قوتوں کی کامیابی ہے اور جدوجہد جاری رہے گی، صوبائی امیر جمعیت مولانا عبدالواسع

ہماری امید ہے اس دفعہ یہ الائنس ملک میں جمہوریت کی بحالی پارلیمنٹ کی بالادستی کے لیے مشترکہ کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوریت کی بحالی، ملکی استحکام، غربت کے خاتمے اور موجودہ مہنگائی پر قابو پانے میں موجودہ حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے ایک الائنس پر متفق ہونا جمہوری قوتوں کی کامیابی ہے۔ اگر سیاسی جماعتوں نے ملک کے استحکام، پارلیمنٹ کی بالادستی اور جمہوریت کی مضبوطی کے لیے اپنا کردار ادا کیا تو ہر الیکشن میں جو مداخلت ہوتی ہے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم ٹاسک فورس کے تحت آبی زراعت کے فروغ میں اہم پیشرفت

منصوبے سے برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت جدید ایکوا کلچر کے ذریعے آبی زراعت کے فروغ میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات جدید آبی زراعت، غذائی تحفظ اور

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی فری لانسرز کی آمدنی رواں مالی سال 2.5 ارب ڈالرز تک پہنچنے کی توقع

حکومت نے اس کامیابی کا جشن منانے کیلئے 29 اگست کو گورنر ہاؤس کراچی میں تقریب کا اہتمام کیا ہے، فری لانسر ایسوسی ایشن

کراچی (یو این اے) پاکستان میں فری لانسنگ مارکیٹ تیزی سے ابھر رہی ہے اور رواں مالی سال کے دوران پاکستانی فری لانسرز کی آمدنی 2.5 ارب ڈالر سے زائد رہنے کا امکان ہے۔ پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن کے بانی اور چیئرمین ابراہیم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گنے کی کاشت کم کرنا ہوگی، کپاس پاکستان کی ضرورت ہے، گوہر اعجاز

گنے کی فصل کپاس کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ پانی استعمال کرتی ہے، پیٹرن انچیف اپٹما

لاہور (یو این اے) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے پیٹرن انچیف گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ پاکستان میں کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لیے گنے کی کاشت کم کرنا ہوگی، کپاس ملک کی اہم ضرورت ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ہماری منزل پاکستان کو پائیدار معیشت بنانا ہے، شہباز شریف

بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل، وزیر خزانہ اور تمام متعلقہ وزراء و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں

حکومت نے معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی شعبے میں بہتری کیلئے اقدامات کیے، معاشی استحکام کیلئے حکومت کی مسلسل محنت اور اصلاحات کے نتیجے میں عالمی اداروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موڈیز کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ Caa1 سے بڑھا کر B3 کرنے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل، وزیر خزانہ اور تمام متعلقہ وزراء و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موڈیز کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کا خیرمقدم کرتے ہوئے حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی پزیرائی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور تمام

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری کو چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کی جانب سے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ اتمانزئی، چارسدہ میں ادا کردی گئی

کوئٹہ / چارسدہ (این این آئی) سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کی جانب سے بیچ 1-ڈسکوز کے ری اسٹرکچرنگ پلان کی منظوری

ملازمین کے مفادات کا قابل اطلاق قوانین اور لین دین کے طریق کار کے مطابق تحفظ کیا جائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے نجکاری نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے پہلے بیچ میں شامل فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی قانون کے عمل سے خودکار ہوتی ہے، محکمہ انتظامی تاخیر نہیں کرسکتا، سپریم کورٹ

اسلام آباد (یو این اے) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ قانون میں تصور کیے جانے (Deemed) کی شق شامل ہو تو مقررہ شرائط پوری کرنے والے کنٹریکٹ ملازمین کی حیثیت قانون کے عمل سے خود بخود مستقل ملازم میں تبدیل ہو جاتی ہے، متعلقہ محکمہ مستقلی کے عمل میں انتظامی تاخیر نہیں کرسکتا۔ جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کمیونٹی آف

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوامی مسائل کا حل اور پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہے، فیصل کریم کنڈی

متعلقہ اداروں کے تعاون سے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام ممکن اقدامات کیے جائیں گے

اسلام آباد (یو این اے) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی ترجیحات میں شامل ہے، متعلقہ اداروں کے تعاون سے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ پیر کو گورنر آفس سے جاری بیان کے مطابق فیصل کریم کنڈی نے یہ بات

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں، وزیر داخلہ

پشین، سرانان میں مزدوروں پر فائرنگ کی شدید مذمت، امن دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

تعمیراتی کام میں مصروف نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا سفاکیت اور بزدلی ہے، شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں تعمیراتی کام میں مصروف بے گناہ اور نہتے مزدوروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم اور محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاکیت، بزدلی اور انسانیت دشمن فعل کا کھلا ثبوت

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

متعلقہ فریق ہانگ کانگ کے امور میں کسی بھی قسم کی مداخلت بند کریں، چین

چین کی خودمختاری اور ہانگ کانگ میں قانون کی حکمرانی کا احترام کریں، سیاسی جوڑ توڑ بند کریں

بیجنگ (یو این اے) چین نے کہا ہے کہ ہانگ کانگ کے امور چین کے اندرونی معاملات ہیں۔ سی جی ٹی این کے مطابق یہ بات چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے پیر کو معمول کی پریس کانفرنس کے دوران امریکا سمیت بعض ممالک اور یورپی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل کی غزہ میں فضائی کارروائیاں، 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید

جنگ بندی نظر نہیں آ رہی ہے، ہم تنازع کا حل اور امن چاہتے ہیں، فلسطینی شہری

غزہ (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں فضائی کارروائی کے دوران 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید اور 7 شہری زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق فلسطین کی وزارت صحت نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی میں اتوار کو دو مختلف

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بننے چاہئیں، طارق فضل چوہدری

بھارت نے 1951 میں کمیشن بنایا اور بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو یہ ضرور بننے چاہئیں۔ سوشل میڈیا پر نجی ٹی وی کے ایک پروگرام کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے لکھا

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم کا نیشنل بک فاؤنڈیشن کا دورہ، گوشہ اقبال اور گوشہ قائداعظم کا افتتاح

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت وجیہہ قمر نے نیشنل بک فاؤنڈیشن کا دورہ کیا اور گوشہ قائداعظم اور گوشہ اقبال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ اقدام وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کا علامہ محمد اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کو قومی سطح پر شایان شان انداز میں منعقد کرنا اور دونوں عظیم رہنماؤں کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران کا علیمہ کو سخت پیغام؟ بیرسٹر گوہر نے شیر افضل کے دعوے کی تردید کردی

عمران خان نے پارٹی کو علیمہ خان کو سیاسی معاملات سے دور رکھنے کی ہدایت کی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے نورین نیازی کی اپنے بھائی عمران خان سے ہونے والی ملاقات کے بعد شیر افضل مروت کی جانب سے کی گئی باتوں کی تردید کردی۔ ایک انٹرویو میں رکن قومی اسمبلی شیر افضل خان مروت نے دعویٰ کیا کہ عمران خان نے اپنی بہن علیمہ خان کے حوالے سے سخت پیغام دیا ہے جس کے بعد وہ گزشتہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شام اور اسرائیل کا امریکی ثالثی میں مذاکرات کے اعلیٰ سطحی رابطہ

دونوں جانب سے کشیدگی کم کرنے کے راستوں کا جائزہ لیا گیا، شامی حکام

عمان (این این آئی) اردن میں شام اور اسرائیل کے درمیان اعلیٰ سطح رابطہ ہوا ہے جس میں حالیہ اسرائیلی کارروائیوں کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ شامی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق شامی وزیر خارجہ

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کراچی، مسلح ملزمان شہری سے 60 لاکھ روپے چھین کر فرار، فوٹیج سامنے آ گئی

کراچی (یو این اے) مسلح ملزمان شہری سے 60 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے، واقعے سے متعلق فوٹیج بھی سامنے آ گئی ہے۔ بجلی تھانے کی حدود صفورا چورنگی میں نجی اسپتال کے قریب بینک کے باہر ڈکیتی کی واردات میں موٹر سائیکل سوار 3 نامعلوم مسلح ملزمان نے شہری سے 60 لاکھ روپے لوٹ لیے۔ پولیس ذرائع کے مطابق یاقت نامی شہری 60 لاکھ روپے بینک میں جمع کرانے جا رہا تھا

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک کے اندر تقریباً پینتیس ہزار مدارس رجسٹرڈ ہیں جو ملک وقوم کی خدمت کر رہے ہیں، طاہر محمود اشرفی

مدارس فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے مذموم ایجنڈے کیخلاف بھرپور جدوجہد کر رہے ہیں

لاہور (یو این اے) چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر وزیراعظم قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مدارس فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے مذموم ایجنڈے کیخلاف جدوجہد کر رہے ہیں، ملک کے اندر تقریباً پینتیس ہزار مدارس رجسٹرڈ ہیں جو ملک وقوم کی خدمت کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کی زیرصدارت اجلاس، سرکاری افسران واہلکاروں کیخلاف جاری احتسابی کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی

پشاور (یو این اے) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی زیر صدارت اجلاس میں سرکاری افسران و اہلکاروں کے خلاف جاری احتسابی کارروائیوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اکتوبر 2025 سے اب تک سرکاری ملازمین کے خلاف مجموعی طور پر 827 کیسز سامنے آئے، جن میں سے 629 کیسز کے فیصلے ہو چکے ہیں جبکہ 198 کیسز پر کارروائی جاری ہے۔ سی ایم

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات ایک سال میں 93 فیصد بڑھ گئے

جون 2026 تک واجبات 424 ارب روپے تک پہنچ گئے، ایک سال میں 203 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں ایک سال کے دوران 93 فیصد کا نمایاں اضافہ ہو گیا، جس کے بعد جون 2026 تک بجلی کی نجی کمپنی پر وفاقی حکومت کے مجموعی واجبات بڑھ کر 424 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق جون 2025 میں کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جموں وکشمیر میں معمولات زندگی کی بحالی کا بھارتی دعویٰ زمینی حقائق کے برعکس ہے، حریت کانفرنس

بھارتی فوجیوں کی بڑے پیمانے پر تعیناتی نے مقبوضہ علاقے کو ایک چھاؤنی میں تبدیل کر دیا، کشمیری خوف اور دباؤ میں زندگی گزار رہے ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ علاقے میں معمولات زندگی اور امن کی بحالی کے بھارتی دعوے زمینی حقائق کے بالکل برعکس ہیں کیونکہ کشمیری عوام آج بھی فوجی مظالم،

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کے نجی اسپتال سے علاج کے احکامات کے بعد عام قیدیوں نے بھی عدالت سے رجوع کرلیا

تین قیدیوں کی درخواستیں دائر، اسلام آباد ہائیکورٹ کا اڈیالہ جیل کو نوٹس، سپرنٹنڈنٹ جیل سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کا نجی اسپتال سے علاج کے احکامات کے بعد عام قیدیوں نے بھی عدالت سے رجوع کرلیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے نجی اسپتالوں سے علاج اور اہل خانہ سے بات کرانے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کیں۔ جسٹس محمد آصف نے قیدیوں الیاس خان، محمد اسماعیل خان اور اویس الطاف کی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک کی استحکام جمہوریت کی بحالی کیلئے حکومت کا کردار قابل تحسین ہے، بخت محمد کاکڑ

خارجی حوالے سے چیف آف آرمی اسٹاف عاصم منیر نے جو کردار ادا کیا ہے اس سے پوری دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہوا اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، وزیر صحت بلوچستان

پاکستان پیپلز پارٹی شہداء وغازیوں کی جماعت ہے جس نے ہر دور میں اس ملک کے لیے قربانی دی ہے اور شہداء ہمارے سامنے ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک کی استحکام جمہوریت کی بحالی کے لیے حکومت نے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے خارجی حوالے سے چیف آف آرمی اسٹاف عاصم منیر نے جو کردار ادا کیا ہے اس سے پوری دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہوا اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے ملک کی ترقی کے لیے سب جماعتوں نے مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء و غازیوں کی جماعت ہے جس نے ہر دور میں اس ملک کے لیے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو 12 ربیع الاول کے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہدائے اسپین تنگی کی قربانیاں پختون قومی وجمہوری جدوجہد کا لازوال باب ہیں، ایمل ولی

قاضی فضل قادر شہید اور دیگر خدائی خدمتگاروں کی قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائیگا، انگریز استعمار نے سپین تنگی میں 80 سے زائد خدائی خدمتگاروں کو شہید جبکہ سینکڑوں کو زخمی کیا

اکابرین کی قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر ہماری سیاسی اور عملی جدوجہد اسی عزم کے ساتھ جاری رہے گی، سانحہ سپین تنگی شہداء کی 96 ویں برسی کے موقع پر پیغام

پشاور (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے سانحہ سپین تنگی بنوں کے شہداء کو 96 ویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدائے سپین تنگی کی قربانیاں پختون قومی و جمہوری جدوجہد کا لازوال باب ہیں۔ مولانا قاضی فضل قادر شہید اور دیگر خدائی خدمتگاروں کی قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ آج کا دن ان عظیم خدائی خدمتگاروں کی یاد تازہ کرتا ہے جنہوں نے آزادی، حقوق، جمہوریت اور اپنے اصولوں کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ انگریز استعمار نے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ مہراللہ بادینی 12 ربیع الاول عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جلوسوں اور مجالس کے سیکورٹی انتظامات کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپنے حق اور تحفظ کیلئے ہر ضروری اقدام اٹھائیں گے، چین کا امریکی پابندیوں پر جواب

پابندیاں اور دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی مسائل کے حل میں مدد نہیں دیتی بلکہ کشیدگی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ تنازع کا حل مذاکرات اور سفارتی طریقے سے تلاش کیا جانا چاہیے

عمان (این این آئی) چین نے امریکا کی جانب سے پابندیاں عائد کرنے کے عندیہ پر سخت ردعمل دیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لن جیان نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ پابندیاں اور دباؤ ڈالنے کے حربے مسائل کے حل میں مددگار ثابت نہیں ہوتے اپنے حق اور تحفظ کیلئے ہر ضروری اقدام اٹھائیں گے، چین کا امریکی پابندیوں پر جواب۔ چینی ترجمان نے اپنے حق اور تحفظ کی فریقین سے اپیل کی سمجھ داری اور تحمل سے کام لیتے ہوئے ایسے اقدامات سے گریز کریں جو تنازع کو مزید بڑھا ئیں یا عالمی اقتصادی ترقی اور مالیاتی استحکام کو نقصان پہنچائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چین خطے میں کشیدہ صورت حال پر باریکی سے نظر رکھے ہوئے ہیں اور اپنے جائز حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے ضرورت پڑنے پر ہر ضروری اقدام اٹھائے گا۔ چینی ترجمان لن جیان نے امریکا کا نام لیے بغیر کہا کہ پابندیاں اور دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی مسائل کے حل میں مدد نہیں دیتی بلکہ کشیدگی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ تنازع کا حل مذاکرات اور سفارتی

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، سفرانی روڈ پر دو فریقین میں تصادم، 1 شخص جاں بحق، 2 زخمی

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی سفرانی روڈ پر نوابزادہ ظفر خان مگسی فارم کے قریب دو فریقین میں تصادم ہوا تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد ...

بیلا، اپنی چھت پروگرام میں گجری کے سیلاب متاثرین کو نظرانداز کرنے پر تشویش کا اظہار

سروے شدہ تمام مستحقین کو فوری طور پر گھروں کی تعمیر میں شامل کیا جائے، غلام رسول جاموٹ

بیلا (یو این اے) سیاسی و سماجی شخصیت غلام رسول جاموٹ نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کے لیے اپنی چھت پروگرام کے تحت لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں گھر تعمیر کیے جا رہے ہیں، لیکن گجری کے وہ مستحقین جنہیں باقاعدہ سروے میں شامل کیا گیا تھا، انہیں مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گجری کے سیلاب متاثرین نے سروے کے تمام مراحل مکمل کیے اور کئی مستحق خاندان پروگرام کے منتخب مستحقین بھی ہیں، مگر اس کے باوجود انہیں گھروں کی تعمیر کے عمل میں شامل نہیں کیا جا رہا۔ دوسری جانب لسبیلہ کے دیگر علاقوں میں گھر تعمیر ہونے کا سلسلہ جاری ہے، جس سے گجری کے عوام میں شدید تشویش اور احساس محرومی پایا جاتا ہے۔ غلام رسول جاموٹ نے این آر ایس پی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ گجری کے سروے میں شامل تمام مستحقین کو فوری طور پر ان کا جائز حق دیا جائے اور گھروں کی تعمیر کا عمل شروع کیا جائے۔

میونسپل ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی، اوستہ محمد میں صفائی کا نظام مفلوج

اوستا محمد (اے این این) میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج کے باعث شہر میں صفائی کا نظام شدید متاثر ہو گیا مختلف شاہراہوں اور گلی محلوں میں کچرے کے ڈھیر لگ گئے جبکہ نالیوں اور گٹروں کا گندا پانی سڑکوں پر جمع ہونے سے شہریوں کو آمد و رفت میں دشواری اور شدید اذیت کا سامنا ہے۔ مین جناح روڈ کی صورتحال بھی ابتر ہو چکی ہے جہاں نالیوں کا گندا پانی سڑک پر جمع ہونے سے بدبو اور تعفن پھیل رہا ہے۔ شہر کی متعدد گلیاں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکی ہیں اور صفائی کا عمل متاثر ہونے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ صفائی جیسے بنیادی شہری مسئلے کو مزید نظرانداز کیا گیا تو صورتحال سنگین ہو سکتی ہے۔ واضح رہے کہ 12 ربیع الاول کو عید میلاد النبی کے سلسلے میں مرکزی ریلی بھی مین جناح روڈ سے گزرے گی جبکہ شہر میں دیگر مذہبی پروگرام بھی منعقد ہوں گے۔

پنجگور، تربت روڈ گوران میں خوفناک ٹریفک حادثہ، ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

ایگزیو کار اور ایرانی گاڑی میں تصادم، چار خواتین سمیت 5 افراد موقع پر جاں بحق اور 2 کمسن بچے زخمی

پنجگور (یو این اے) پنجگور تربت روڈ گوران میں خوفناک ٹریفک حادثہ، ایک ہی فیملی کے 5 افراد جاں بحق، 2 کمسن بچے شدید زخمی پنجگور تربت روڈ گوران کے علاقے کار گاڑی اور ایرانی دو ہزار گاڑی میں خوفناک ٹریفک حادثے چار خواتین سمیت پانچ افراد جاں بحق جبکہ دو کمسن بچے شدید زخمی ہو گئے ہیں پولیس کے مطابق حادثہ ایک 2000 ایرانی گاڑی اور ایگزیو کار کے درمیان تصادم کے نتیجے کے باعث پیش آیا۔ حادثے میں چار خواتین اور ایک نوجوان جمشید ولد عبیداللہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جاں بحق افراد کا تعلق پنجگور کی تحصیل پروم سے بتایا جاتا ہے دو کمسن بچوں کو طبی امداد کیلئے پنجگور ہسپتال منتقل کیا گیا ہے پولیس حادثے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

کوہلو، ماوند میں زیرِ تعمیر آر ایچ سی ہسپتال کا کام آخری مراحل میں داخل

علاج معالجے کی مقامی سہولیات سے مھنڈائی، ماوند اور کوہلو کے مریضوں کو دور دراز سفر سے نجات ملے گی

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، جبکہ تحصیل ماوند میں زیر تعمیر رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) ہسپتال کا تعمیراتی کام آخری مراحل میں داخل ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعمیرات و مواصلات کے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری کی زیر نگرانی ماوند میں آر ایچ سی ہسپتال کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے اور منصوبہ تکمیل کے قریب پہنچ چکا ہے۔ ہسپتال کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد مھنڈائی سے ماوند اور کوہلو کے مختلف علاقوں سے آنے والے مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات مقامی سطح پر میسر ہوں گی، جس سے انہیں دور دراز علاقوں کا سفر کرنے کی مشکلات میں بھی کمی آئے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محکمہ تعمیرات و مواصلات کی جانب سے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

وندر، دعوت اسلامی کے تحت جشن ولادت مصطفی ﷺ کی مناسبت سے 2 عظیم الشان پروگرامز کا اعلان

25 اگست کو اجتماع میلاد اور 26 اگست کو فیضان مدینہ سے شاندار جلوس میلاد نکالا جائے گا

وندر (یو این اے) دعوت اسلامی کے تحت جشن ولادت مصطفی ﷺ کی مناسبت سے وندر میں دو عظیم الشان پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا جن میں عاشقان رسول ﷺ بھرپور انداز میں شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق 25 اگست بروز منگل آج بعد نماز عشا فیضان مدینہ وندر میں عظیم الشان اجتماع میلاد منعقد ہوگا جس کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوگا جبکہ اس موقع پر سنتوں بھرا بیان بھی کیا جائے گا۔ اجتماع کے اختتام ... اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کریں گے۔ اس سلسلے کی کڑی میں 26 اگست بروز بدھ بعد نماز ظہر دعوت اسلامی کے تحت عظیم الشان جلوس میلاد فیضان مدینہ وندر سے نکالا جائے گا جس میں عاشقان رسول ﷺ درود و سلام پڑھتے نعتیں گاتے اور مدنی پرچم تھامے شرکت کریں گے۔ جبکہ شہر کی فضا میں مرحبا یا مصطفی ﷺ کے نعروں سے گونج اٹھیں گی۔ دعوت اسلامی کی جانب سے تمام عاشقان رسول ﷺ سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ دونوں روح پرور ...

اوستا محمد میں طوفانی ہواؤں نے تباہی مچادی، درخت جڑوں سے اکھڑ گئے سولر پینلز اڑ گئے

... سامنا کرنا پڑا۔ طوفانی ہواؤں کے باعث بجلی کا نظام بھی بری طرح متاثر ہوا مختلف مقامات پر بجلی کے تار اور تنصیبات متاثر ہونے سے متعدد علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل یا متاثر ہو گئی۔ بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، خصوصاً شدید گرمی کے موسم میں گھریلو معمولات بھی متاثر ہوئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ طوفانی ہواؤں نے معمولات زندگی درہم برہم کر کے رکھ دیے۔

12 ربیع الاول کی شب آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں دوادب درود پاک محفل

... سید گلاب شاہ نے ... خطاب کرتے ہوئے کہا کہ درود پاک ایک ایسی عظیم، مقدس اور بابرکت عبادت ہے جس کی فضیلتیں اور برکتیں بے شمار ہیں۔ خوش نصیب ہے وہ زبان جو ہر وقت درود مصطفی ﷺ سے تر رہے، خوش بخت ہے وہ دل جس میں محبت رسول کا چراغ روشن ہو اور سعادت مند ہے وہ انسان جو اپنی زندگی کے شب و روز کو ذکر و درود کی خوشبو سے معطر رکھے۔ درود پاک کی کثرت انسان پڑھنے والا انسان عاجزی، انکساری اور محبت و ادب کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے۔ درود پاک کی برکت سے دل کی دنیا بدلتی ہے، پریشانیوں میں حوصلہ پیدا ہوتا ہے، مشکلات کے مقابلے کی قوت ملتی ہے اور انسان اللہ کریم کی رحمتوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ ظاہری و باطنی تکالیف، محتاجیاں، پریشانیاں اور زندگی کے مختلف مسائل میں درود پاک ایک عظیم روحانی سہارا ہے۔

پٹرولیم لیوی نامنظور، ستمبر کے پہلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی، حافظ نعیم الرحمن

مکہ دفاعی معاہدہ بیت المقدس کے تحفظ کے لیے استعمال کیا جائے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ختم نہ کی گئی اور عوام کو حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو جماعت اسلامی احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے سڑکوں پر بیٹھ جائے گی، دھرنوں کے مقام پر بارہ ربیع الاول کو سیرت کانفرنسز، ستمبر کے پہلے ہفتے میں ہڑتال ہوگی، جماعت اسلامی کی جدوجہد کسی ذاتی یا سیاسی مفاد کے لیے نہیں بلکہ عوام کو نااہل حکمران طبقے کے بوجھ سے نجات دلانے کے لیے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس لاہور کے باہر دھرنے کے نویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاالدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی آج رات احتجاج کے آئندہ اور اہم لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی فوری ختم کرے اور جماعت اسلامی کے مطالبات تسلیم

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

ڈی سی کمپلیکس ہال میں کھلی کچہری کے انعقاد کے دوران ڈی سی حسن صہیب احمد منگریجی کو عوام اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کر رہے ہیں

... اسکول کلی لعل آباد میں داخل ہو کر اسکول کا قیمتی سامان چرا کر باآسانی فرار ہو گئے۔ چوری ہونے والی اشیاء میں ڈپٹی کمشنر آفس کی جانب سے اسکول کو فراہم کیا گیا تقریباً 5 لاکھ روپے مالیت کا 1 عدد انورٹر، بریکر اور دیگر ضروری سامان شامل ہے۔ واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بی این پی کے رہنما ملک بشیر احمد شاہوانی نے کہا کہ اسکول میں چوکیدار نہ ہونے کے باعث یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔

... کیا ہے کہ اگر بجلی بحال کر کے پانی کی فراہمی شروع نہ کی گئی تو وہ اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور قلت آب کا مسئلہ حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

... عدم تعیناتی سے ملازمین و پنشنرز شدید مشکلات کا شکار

... حکومت فوری مستقل افسران تعینات کرے، آل ملازمین اتحاد

... معاملات کا نظام مکمل طور پر معطل ہو کر رہ گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ضلع کے تمام محکموں بالخصوص محکمہ تعلیم، صحت اور دیگر سرکاری اداروں کے ملازمین شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں۔ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو ضلع بھر کے ملازمین اس ماہ تنخواہوں سے محروم ہو سکتے ہیں۔ تنظیموں نے اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان، صوبائی وزیر خزانہ، سیکرٹری خزانہ، کمشنر لورالائی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر ہرنائی سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اس مسئلے کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع ہرنائی میں فوری طور پر مستقل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر ...

شہری ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس اور مارجنز ادا کرنے پر مجبور

پیٹرول کی اصل قیمت کے علاوہ بھاری لیوی، ٹیکسز اور مارجنز عائد، ڈیزل پر بھی 121 روپے 47 پیسے اضافی وصول کیے جا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ٹیکسز، لیوی اور مختلف مارجنز کے باعث شہریوں پر اضافی مالی بوجھ برقرار ہے، ایک لیٹر پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی بنیادی قیمت کے ... لیوی اور مارجنز کی مد میں ادا کرنے پر مجبور ہیں، جس کے باعث پیٹرول کی حتمی قیمت میں بنیادی لاگت کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب ہائی اسپیڈ ڈیزل کی بنیادی لاگت 245 ... وصول کی جانے والی حتمی قیمت کے درمیان فرق میں 122 روپے 47 پیسے لیوی، ٹیکسز اور مختلف مارجنز کی مد میں شامل ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات پر عائد مختلف ٹیکسز، لیوی اور دیگر چارجز کا براہ راست اثر ...

43

ربیع الاول انسانیت کیلئے پیغام رحمت اور ہدایت کا مہینہ ہے، سردار زادہ فیصل خان جمالی

کوہلو، سابق رکن ... کے رہنماؤں کی خدمات کا اعتراف

صحبت پور میں بڑھتی بدامنی اور کرپشن پر عوامی غم و غصہ، ڈپٹی کمشنر کو ہٹانے کا مطالبہ

اوستا محمد میں صفائی کا نظام درہم برہم، گندگی کے ڈھیر شہری پریشان، ملک محمد انور منگلزئی

اوستا محمد (اے این این) میونسپل کارپوریشن اوستا محمد میں صفائی کے ناقص انتظامات اور مبینہ عدم توجہی کے باعث شہر میں صفائی کا نظام بری طرح متاثر ہو گیا، مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر، نالیوں اور گٹروں کا گندا پانی سڑکوں اور گلیوں میں جمع ہونے سے شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ تعفن کے باعث شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے ان خیالات کا اظہار میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے جنرل کونسلر ملک محمد انور منگلزئی نے آئی این پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ملک محمد انور منگلزئی نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے ذمہ دار حکام کی عدم توجہی کے باعث صفائی کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے۔ شہر کے اہم بازاروں، شاہراہوں، گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں کچرے کے ڈھیر پڑے ہیں جبکہ کئی مقامات پر گندا پانی جمع ہونے سے شہریوں کو نہ صرف گزرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے بلکہ بدبو اور تعفن نے ماحول کو بھی متاثر کر رکھا ہے۔

لوکل کونسلز فنڈز کی بندش، دوبارہ بلدیاتی ملازمین کا مسلسل چوتھے روز بھی احتجاج جاری

... داد و خان مندوخیل کی ہدایات پر ملازمین نے ... سیوریج سمیت دیگر سروسز کا کام بند کر دیا گیا انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر کے لوکل کونسلز کو نان سیلری اور ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث اداروں کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے جس سے ملازمین اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی ... فوری طور پر جاری کیے جائیں تاکہ بلدیاتی ادارے مؤثر انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے شہریوں کو صفائی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کر سکیں۔ تالابندی کے باعث میونسپل کمیٹی ژوب میں صفائی ستھرائی کی سروس اور دفتری معاملات معطل جس کی وجہ سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اور فائر بریگیڈ سروس ایمرجنسی کے طور پر فعال رہے گی۔

صحبت پور میں کھاد کی غیر قانونی ترسیل جاری، انتظامیہ کی اقدامات صرف فوٹو سیشن تک محدود

عوام کا ضلعی انتظامیہ پر عدم اعتماد، صحبت پور میں اچھی ساکھ والے زراعت افسر کی تعیناتی کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور محکمہ زراعت کے احکام ہوا میں، کھاد کی ترسیل جاری، محکمہ زراعت کے افسران اور ضلعی انتظامیہ فوٹو سیشن تک محدود دو درجنوں ٹرکوں ٹریکٹر ٹرالی پر کھاد کی ترسیل ضلع بھر میں جاری۔ رپورٹ کے مطابق حکومت بلوچستان محکمہ زراعت کے احکامات کے مطابق یوریا کھاد کی نقل و حمل پر پابندی کے احکامات صحبت پور ضلع ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پہنور، موری، تحصیل مانجھی پور، تحصیل حیر دین، تحصیل فرید آباد، نیو تحصیل جیا خان کے علاقوں میں کھاد کی ترسیل جاری ہے تمام چھوٹے بڑے کسانوں کو یوریا کھاد خفیہ راستوں سے ترسیل جاری ہے حکومت بلوچستان محکمہ زراعت کے تمام احکامات صحبت پور کی مقامی انتظامیہ۔ محکمہ زراعت کے افسران فوٹو سیشن تک محدود ہے رکشہ کے ذریعے اور ٹرکوں کے ٹریکٹر ٹرالی کے ذریعے خفیہ راستوں سے ترسیل جاری ہے۔

پرانی رنجش پر ... برادری کے دو گروپوں میں تصادم، متعدد افراد زخمی

کوئٹہ میں دن دہاڑے ڈکیتی کی سنگین واردات

اوستہ محمد، موسلا دھار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، مختلف علاقوں میں درخت اکھڑ گئے اور بجلی معطل

مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈے ایرانی حملوں نے امریکہ کو مشکل میں ڈال دیا

ایران نے امریکی تنصیبات کو مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا، برطانوی اخبار

لندن (این این آئی) ایران کے ساتھ تقریباً چھ ماہ جاری رہنے والی جنگ نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی موجودگی کے مستقبل پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ برطانوی اخبار کے مطابق ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں نے خطے میں قائم امریکی فوجی اڈوں کی کمزوری واضح کر دی ہے۔ اخبار کے مطابق امریکا گزشتہ تقریباً چار دہائیوں سے خلیجی ممالک میں پھیلے بڑے فوجی اڈوں کے نیٹ ورک کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں اپنی فوجی موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے تاہم حالیہ جنگ کے دوران ایران نے امریکی تنصیبات کو مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی حملوں نے یہ حقیقت نمایاں کردی کہ ایرانی ساحلوں کے قریب موجود بڑے امریکی اڈے جدید میزائل اور ڈرون خطرات کے مقابلے میں کس حد تک غیر محفوظ ہیں۔ ایرانی حملوں کے دباؤ کے باعث امریکا نے اپنی کچھ افواج اور جنگی طیاروں کو اسرائیل، اردن اور دیگر نسبتاً محفوظ اور دور دراز مقامات پر منتقل کیا جبکہ بعض امریکی طیاروں اور ڈرونز نے یورپ میں موجود فوجی اڈوں سے بھی کارروائیاں

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی سے قبائلی رہنما سردار مہراللہ قمبرانی کی قیادت میں قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: 081-4170018
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

حکومت کسانوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کریگی

زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خود کفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ بچا سکتے ہیں، پاکستان کے 100 زرعی گریجویٹس کو زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کرنے کیلئے اٹلی بھجوائیں گے۔ وہ پیر کو یہاں پاکستان نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا، غیر ملکی سفارت کاروں کے علاوہ زیتون کی کاشت اور اس شعبے سے وابستہ کسانوں، ماہرین اور محققین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ خوشی ہے کہ وہ پاکستان کے زیتون کے مایہ ناز کسانوں، محققین اور برآمدکنندگان سے مخاطب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں اور ماہرین کی شب و روز محنت سے زیتون کے شعبے میں شاندار مثال قائم ہوئی ہے۔ انہوں نے لورالائی سے عبدالجبار، مردان سے قرالعین اور چکوال سے یعقوب اظہار کی محنت کو خاص طور پر قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ زیتون کی کاشت کے فروغ کے لئے صوبائی حکومتوں کے تعاون پر مشکور ہیں۔ وزیراعظم نے زیتون کی کاشت کو فروغ دینے والے کسانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں نے ثابت کیا کہ عزم، محنت اور جدید سوچ کے ذریعے بڑے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انقلاب کے لئے کسانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں گے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر کسانوں کو سہولتیں فراہم کریں گی، ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہر سال تقریباً 4 ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے، درآمدی بل میں سالانہ صرف 400 ملین ڈالر کی بھی کمی لائی جائے تو یہ بڑی خدمت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی بل میں کمی کے لئے انہوں نے پام آئل اور سورج مکھی کی کاشت کو فروغ دینے کی بھی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تجارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، زراعت، ٹریکٹر مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کا تعاون قابل ذکر ہے۔ پاکستان اور اٹلی زیتون کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن، جدید پروسیسنگ اور برآمدات کے شعبے میں تعاون مزید بڑھائیں گے۔ وزیراعظم نے 100 نوجوان زرعی گریجویٹس کو اٹلی بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ نوجوان زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کریں گے۔

صنفِ نازک ہے سخت پریشان

کاشف شمیم صدیقی

پاکستان کی آبادی تقریباً چوبیس کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، جس میں خواتین کا حصہ تقریباً نصف بنتا ہے۔ یہ نصف آبادی محض ایک شماریاتی حقیقت نہیں بلکہ پاکستان کی سماجی، معاشی اور قومی ترقی کا بنیادی ستون ہے۔ ایک عورت ماں بھی ہے، استاد بھی، ڈاکٹر بھی، وکیل بھی، کسان بھی، مزدور بھی اور کاروباری شخصیت بھی۔ وہ نئی نسل کی تربیت کرتی ہے، معیشت کا پہیہ چلاتی ہے اور معاشرتی اقدار کو منتقل کرتی ہے۔ اگر یہی نصف آبادی خود کو غیر محفوظ اور بے اختیار محسوس کرے تو ترقی کے تمام دعوے اپنی معنویت کھو دیتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان کے موجودہ معاشی، سیاسی اور سماجی حالات نے عورت کو پہلے سے زیادہ کمزور اور غیر محفوظ بنا دیا ہے؟ یہ سوال کسی جذباتی بحث کا نہیں بلکہ زمینی حقائق کا تقاضا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، سیاسی غیر یقینی، کمزور ادارہ جاتی نظام، انصاف میں تاخیر اور بڑھتی ہوئی سماجی بے چینی نے ہر پاکستانی کو متاثر کیا ہے، مگر ان بحرانوں کا سب سے گہرا اثر خواتین پر پڑا ہے۔ کیونکہ عورت پہلے ہی ایک ایسے معاشرے میں زندگی گزار رہی ہے جہاں اسے اپنے بنیادی حقوق کے لیے بھی مسلسل جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ جب ریاستی اور سماجی ڈھانچے دباؤ کا شکار ہوں تو سب سے پہلے کمزور طبقے متاثر ہوتے ہیں، اور خواتین انہی میں سرفہرست ہیں۔ پاکستان میں عورت کو درپیش مسائل صرف چند انفرادی واقعات نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر سماجی بحران کی شکل اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ جنسی اور صنفی بنیاد پر تشدد، گھریلو تشدد، کم عمری کی شادیاں، ونی، وٹہ سٹہ، غیرت کے نام پر قتل، تیزاب گردی، ہراسانی، انسانی اسمگلنگ، جبری مشقت، جائیداد میں حق سے محرومی، کام کی جگہ پر امتیازی سلوک، آن لائن ہراسانی اور نفسیاتی تشدد جیسے مسائل آج بھی ہزاروں خواتین کی زندگی کی تلخ حقیقت ہیں۔ دیہی علاقوں میں بے شمار بچیاں غربت، سماجی پابندیوں یا سہولیات کے فقدان کے باعث تعلیم سے محروم رہ جاتی ہیں، جبکہ بہت سی بچیوں کو کم عمری میں شادی کے بندھن میں باندھ دیا جاتا ہے، جس سے ان کی تعلیم، صحت اور مستقبل تینوں متاثر ہوتے ہیں۔ یہی بچیاں بعد ازاں غربت، انحصار اور تشدد کے ایک ایسے چکر میں داخل ہو جاتی ہیں جہاں سے نکلنا ان کے لیے انتہائی دشوار ہو جاتا ہے۔ معاشی بحران نے ان مشکلات میں مزید شدت پیدا کر دی ہے۔ جب گھر کے اخراجات بڑھتے ہیں تو اکثر سب سے پہلے عورت اپنی ضروریات قربان کرتی ہے۔ وہ بچوں کی تعلیم، علاج اور خوراک کے لیے اپنی خواہشات ترک کر دیتی ہے۔ اگر وہ ملازمت کرتی ہے تو اسے محفوظ سفر، باوقار ماحول، مساوی مواقع اور ہراسانی جیسے مسائل کا سامنا رہتا ہے، جبکہ گھریلو خواتین پر بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی دباؤ کے نفسیاتی اثرات بھی کم نہیں ہوتے۔ یہی معاشی دباؤ اکثر گھریلو تنازعات اور تشدد کو بھی جنم دیتا ہے، جس کا سب سے زیادہ نقصان خواتین اور بچوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ خطرات کی نوعیت بھی بدل چکی ہے۔ پہلے عورت صرف گھر، گلی یا دفتر میں عدم تحفظ محسوس کرتی تھی، آج ڈیجیٹل دنیا میں آن لائن ہراسانی، جعلی تصاویر، بلیک میلنگ، سائبر بلنگ اور کردار کشی نے خواتین کیلئے نئے خطرات پیدا کر دیے ہیں۔

موہن جو داڑو، توجہ کا متقاضی

اسحق سومرو

پاکستان کو قدرت نے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ برف پوش پہاڑ، فلک بوس چوٹیاں، نیلگوں جھیلیں اور سرسبز وادیاں دنیا بھر کے سیاحوں کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں شمالی علاقوں میں شاہراہوں کی تعمیر اور بہتری نے نہ صرف سیاحت کو فروغ دیا بلکہ علاقائی رابطوں کو بھی مضبوط کیا اور پاکستان کا ایک مثبت عالمی تشخص اجاگر کیا۔ تاہم، قدرتی حسن کیساتھ ساتھ پاکستان کے پاس ایک ایسا ثقافتی اور تاریخی سرمایہ بھی موجود ہے جو پوری انسانیت کا مشترکہ ورثہ ہے، مگر بدقسمتی سے اسے وہ توجہ نہیں مل سکی جس کا وہ حقیقی معنوں میں مستحق ہے۔ یہ سرمایہ موہنجو داڑو ہے، جو دنیا کی قدیم ترین شہری تہذیبوں میں سے ایک کی علامت ہے۔ موہنجو داڑو محض ایک تاریخی مقام نہیں بلکہ انسانی تہذیب کی انجینئرنگ، منصوبہ بندی اور شہری نظم و نسق کا ایسا شاہکار ہے جس نے پانچ ہزار سال قبل ہی دنیا کو جدید شہری زندگی کا تصور دیا۔ نکاسی آب کا مربوط نظام، معیاری اینٹوں سے تعمیر شدہ عمارتیں، باقاعدہ گلیاں، پانی کی موثر تقسیم اور شہری منصوبہ بندی کا ایسا نمونہ آج بھی ماہرین آثار قدیمہ، انجینئرز اور مورخین کو حیران کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے اسے عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیا۔ حالیہ برسوں میں ہونے والی سائنسی تحقیقات اور ریڈیو کاربن ڈیٹنگ نے موہنجو داڑو کی تاریخی اہمیت کو مزید مستحکم کیا ہے۔ نئی دریافتوں سے معلوم ہوا ہے کہ شہر کے بعض حصے پہلے کے اندازوں سے کہیں زیادہ قدیم ہیں اور اس کی حدود بھی ماضی میں سمجھی جانے والی وسعت سے زیادہ بڑی تھیں۔ افسوس کہ جب دنیا موہنجو داڑو کی نئی جہتیں دریافت کر رہی ہے، تو وہاں پہنچنے والے زائرین کو ایک ایسی سڑک ملتی ہے جو اس عالمی ورثے کی عظمت سے مطابقت نہیں رکھتی۔ لاڑکانہ سے موہنجو داڑو تک 28 کلومیٹر طویل نیشنل ہائی وے (N-155) اگرچہ 2014ء میں دو رویہ شاہراہ کے طور پر تعمیر کی گئی تھی، لیکن ایک دہائی گزرنے کے بعد اسکی مناسب بحالی اور دیکھ بھال نہ ہو سکی۔ جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ، مدھم لین مارکنگ اور ناقص سمتی رہنمائی ایک ایسے عالمی ورثے کی شان کے خلاف محسوس ہوتی ہے۔ یہ مسئلہ صرف ایک سڑک کی مرمت تک محدود نہیں بلکہ پاکستان کے عالمی تشخص سے بھی منسلک ہے۔ یہ تشویش اب محض کاغذی نہیں رہی۔ رواں سال ناروے اور لبنان سے آنے والے سیاحوں نے موہنجو داڑو کی طرف جانے والی سڑک کی خراب حالت اور واضح رہنمائی کے فقدان پر مایوسی کا اظہار کیا۔ ایسے تاثرات کو تنقید نہیں بلکہ قیمتی فیڈ بیک سمجھنا چاہیے، کیونکہ یہی زائرین واپس جا کر پاکستان کے غیر رسمی سفیر بن جاتے ہیں۔ ڈیجیٹل دور میں ایک منفی تجربہ چند لمحوں میں دنیا بھر کے ہزاروں ممکنہ سیاحوں تک پہنچ جاتا ہے۔ وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کی جانب سے شمالی علاقوں کے شاہراہی نیٹ ورک کی بہتری کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ بہتر سڑکوں نے وہاں سیاحت، مقامی معیشت اور عالمی تشخص کو نئی قوت بخشی ہے۔ یہی وژن اب موہنجو داڑو جیسے عالمی ثقافتی ورثے تک بھی توسیع پانے کا تقاضا کرتا ہے، کیونکہ ایک متوازن قومی سیاحتی پالیسی قدرتی حسن اور ثقافتی ورثے کے درمیان کوئی تفریق نہیں کرتی۔ اگر پاکستان واقعی عالمی سطح پر ایک ممتاز سیاحتی ملک بننے کا خواہاں ہے تو اسے اپنے تاریخی ورثے کو بھی اتنی ہی اہمیت دینا ہوگی جتنی شمالی سیاحتی علاقوں کو دی جا رہی ہے۔ موہنجو داڑو کو باقاعدہ "پاکستان ہیریٹیج کوریڈور" کے طور پر ترقی دی جا سکتی ہے۔ سکھر، لاڑکانہ اور دیگر ملحقہ شاہراہوں سے آغاز کرتے ہوئے بین الاقوامی معیار کے سمتی سائن بورڈ نصب کیے جائیں جن پر یونیسکو کی شناخت اور وادی سندھ کی تہذیب کے بارے میں مختصر معلومات درج ہوں۔ این 155 کی مکمل ری سرفیسنگ، ضرورت کے مطابق ساختی بحالی، جدید تھرمو پلاسٹک لین مارکنگ، عکاس حفاظتی آلات، کلومیٹر مارکرز، جدید گینٹری سائنز، خوبصورت لینڈ اسکیپنگ، مقامی درختوں کی شجرکاری، آرائشی روشنیوں اور آرام گاہوں کی تعمیر اس شاہراہ کو عالمی معیار کے ہیریٹیج روٹ میں تبدیل کر سکتی ہے۔ اس منصوبے پر آنے والی لاگت نسبتاً محدود ہوگی، جبکہ اس کے فوائد نہایت وسیع ہوں گے۔ بہتر رسائی سے ملکی و غیر ملکی سیاحت میں اضافہ ہوگا، آثار قدیمہ کی بین الاقوامی تحقیق کو فروغ ملے گا، تعلیمی تبادلوں میں وسعت آئے گی، ثقافتی سفارت کاری مضبوط ہوگی اور مقامی آبادی کیلئے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ پاکستان دنیا کو یہ پیغام دے سکے گا کہ وہ انسانیت کے عظیم ترین تاریخی ورثوں میں سے ایک کا ذمہ دار محافظ ہے۔ آج جب نئی سائنسی دریافتیں موہنجو داڑو کی تاریخ کو مزید روشن کر رہی ہیں تو اس کے دروازے تک پہنچنے والی شاہراہ ماضی کی بے توجہی کی علامت نہیں رہنی چاہیے۔ اس قدیم شہر کی طرف جانے والا سفر بھی اسی عظمت، وقار اور حسن کا مظہر ہونا چاہیے جو اس کی پانچ ہزار سال پرانی گلیوں میں قدم رکھتے ہی محسوس ہوتا ہے۔ یہ صرف ایک سڑک کی مرمت نہیں بلکہ پاکستان کے تہذیبی تشخص، قومی وقار اور عالمی ثقافتی ورثے کے احترام کا معاملہ ہے۔ موہنجو داڑو نے پانچ ہزار برس قبل انسانیت کو شہری منصوبہ بندی، نظم و نسق اور اجتماعی زندگی کا سبق دیا تھا۔ آج ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس عظیم تہذیب تک پہنچنے والے راستے کو بھی اسی شان، وقار اور عظمت کا آئینہ دار بنائیں۔

اتنا پریشان مت ہوں

حامد میر

حیران و پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق وزیراعظم عمران خان کو جیل سے اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تو حکمران جماعت کے ایک سینئر صاحب نے رونی سی صورت بنا کر کہا کہ نواز شریف کے خلاف پھر سے سازش شروع ہو گئی ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے ایک اور رہنما نے بوکھلائے ہوئے لہجے میں ایک ٹی وی چینل پر اپنے آپ کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی صرف ضمانت ہوئی ہے رہائی تو نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا عمران خان کو اُن ہی عدالتوں نے علاج کیلئے اسپتال بھجوانے کا حکم دیا ہے جن پر تحریک انصاف والے بہت تنقید کرتے تھے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے سپریم کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف نظرثانی کی اپیل دائر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ حکمران جماعت کے وزراء اپنی پریشانی چھپانے کیلئے ٹی وی کیمروں کے سامنے قوم کو یاد دلا رہے ہیں کہ عمران خان ایک سزا یافتہ مجرم ہے، اگر ہر سزا یافتہ مجرم کو عدالتوں سے ایسا ہی ریلیف ملنے لگا تو پھر اسپتالوں میں سزا یافتہ قیدیوں کیلئے بیڈز کم پڑ جائیں گے۔ ہر وزیر کا بیان دوسرے سے مختلف نظر آتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عمران خان کو القادر ٹرسٹ کیس اور توشہ خانہ کیس میں سزائیں دی جا چکی ہیں۔ کیا ایسی ہی سزا نواز شریف کو العزیزیہ اسٹیل مل کیس میں نہیں سنائی گئی تھی؟ آج عمران خان کے بارے میں مسلم لیگ (ن) کے وزراء کے بیانات سن کر مجھے نواز شریف کے بارے میں تحریک انصاف کے سابق وزیروں کے بیانات یاد آ رہے ہیں۔ عمران خان سمیت ان کے بہت سے وزراء یہ فرمایا کرتے تھے کہ نواز شریف ایک سزا یافتہ مجرم ہے اور اس سزا یافتہ مجرم کی تصویر ٹی وی چینلز پر نظر نہیں آنی چاہیے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ میں نے گستاخی کرتے ہوئے نواز شریف کی تصویر ٹی وی اسکرین پر نہ دکھانے کے حکم پر تنقید کی تو تحریک انصاف کے کئی حامیوں نے مجھ پر طرح طرح کے الزامات لگا دیئے تھے۔ آج کل عمران خان کی تصویر ٹی وی اسکرین پر نہیں دکھائی جا سکتی۔ جب میں اس فیصلے پر تنقید کرتا ہوں تو مسلم لیگ ن والے آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ وطن عزیز میں ہر لمحے تاریخ اپنے آپ کو دہراتی رہتی ہے۔ آج ایک سزا یافتہ مجرم کو عدالت سے ریلیف ملنے پر مسلم لیگ (ن) کے دوستوں کی پریشانی سمجھ سے بالاتر ہے۔ کیا عدالتوں سے ایسی ہی ریلیف نواز شریف کو نہیں ملتی رہی؟ اگر عمران خان کو القادر ٹرسٹ کیس میں 14 سال قید کی سزا ملی تو کیا نواز شریف کو العزیزیہ اسٹیل ملز کیس میں سات سال قید کی سزا نہیں ملی تھی؟ کیا اس سزا کے باوجود عدالتوں نے نواز شریف کو جیل سے اسپتال منتقل کرنے کا حکم نہیں دیا تھا؟ کیا انہی عدالتوں نے کچھ میڈیکل رپورٹس کو سامنے رکھتے ہوئے نواز شریف کو علاج کیلئے بیرون ملک جانے کی اجازت نہیں دی تھی؟ کیا اس سے پہلے کوئی ایسی مثال موجود تھی کہ کسی سزا یافتہ مجرم کو علاج کیلئے لندن جانے کی اجازت مل گئی؟ عدالت نے نواز شریف کو صرف چار ہفتے کیلئے لندن جانے کی اجازت دی تھی۔ اس زمانے میں مجھ سے مختلف ٹی وی چینلز پر پوچھا جاتا تھا کہ کیا نواز شریف چار ہفتے کے بعد واپس آئیں گے؟ میرا جواب ہوتا تھا کہ جی وہ ضرور واپس آئیں گے کیونکہ اب وہ پہلے والے نواز شریف نہیں ہیں۔ اگلا سوال پوچھا جاتا تھا کہ اگر وہ واپس نہ آئے تو پھر آپ کیا کریں گے؟ میرا جواب یہ ہوتا کہ میں کیا کر سکتا ہوں میں تو صرف ایک صحافی ہوں۔ اگر نواز شریف واپس نہ آئے تو پھر میں ان کی وعدہ خلافی پر تنقید کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔ افسوس کہ نواز شریف چار ہفتے میں واپس نہ آئے نہ انہوں نے کبھی مجھ جیسے بے وقوف کو کوئی وضاحت دینی ضروری سمجھی۔ بعد میں ہمیں بتایا گیا کہ جن میڈیکل رپورٹس کی بنیاد پر پنجاب کی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے نواز شریف کو بیرون ملک بھیجنے کی سفارش کی تھی وہ رپورٹس جنرل فیض حمید نے تیار کرائی تھیں۔ نواز شریف کے لندن جانے کے کچھ عرصے بعد جب مسلم لیگ (ن) نے جنرل قمر جاوید باجوہ کی مدت ملازمت میں توسیع کی حمایت کی تو ساری کہانی سمجھ میں آگئی اور ہم کافی دن تک اپنی بے وقوفی پر اپنے آپ سے منہ چھپاتے رہے۔ پھر نواز شریف اسی وقت وطن واپس آئے جب عمران خان وزیراعظم ہاؤس سے اڈیالہ جیل جا چکے تھے۔ کچھ دنوں میں نواز شریف اور ان کے بیٹوں کیخلاف تمام مقدمات ایسے غائب ہوئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ غائب ہو جاتے ہیں۔ عرض صرف یہ کرنا ہے کہ عمران خان کو سپریم کورٹ نے جیل سے اسپتال بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت اس عدالتی فیصلے پر کچھ پریشان نظر آتی ہے۔

پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم گزشتہ 50 برس کی بدترین ٹیم قرار، برطانوی صحافی برس پڑے

موجودہ پاکستانی ٹیم بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں کمزور دکھائی دے رہی ہے، سکیلڈ بیری کا برطانوی اخبار میں تجزیہ

لندن (این این آئی) معروف برطانوی کرکٹ صحافی اسکیلڈ بیری نے پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم کو گزشتہ 50 برس کی بدترین پاکستانی ٹیم قرار دے دیا۔ سکیلڈ بیری نے برطانوی اخبار میں اپنے تجزیے میں پاکستان کی انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں کارکردگی پر سخت تنقید کی اور کہا کہ موجودہ ... بیری کے بیان کو شیئر کرتے ہوئے صارفین سے سوال کیا کہ وہ اس رائے کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل ناقص کارکردگی پر دیگر سابق کرکٹرز اور تجزیہ کار بھی سوالات اٹھا چکے ہیں۔ ایک اور اخبار نے بھی پاکستان کی موجودہ ... بیری نے اسے 50 برس کی بدترین ٹیم قرار دیا ہے۔ پاکستان کی انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ کارکردگی نے ٹیم کی بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کے ساتھ ساتھ سلیکشن، کوچنگ اور کرکٹ کے مجموعی نظام پر بھی بحث چھیڑ دی ہے۔ موجودہ پاکستانی ٹیم بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں کمزور دکھائی دے رہی ہے۔ ... ٹیم کی بدترین قرار دیتے ہوئے کہا کہ انگلینڈ کو ایسی ٹیم کا سامنا ہے جو ڈھیلی بیٹنگ، کم رفتار باؤلنگ اور عموماً ناقص فیلڈنگ کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ اسکیلڈ بیری کے تبصرے کو سوشل میڈیا پر بھی خاصی توجہ حاصل ہوئی، بھارتی سابق کرکٹرز اسے جڑ بجانے ...

کرکٹ کی طرح ہاکی میں بھی پاکستان اور بھارت کا میچ ہاؤس فل رہا، صدر ایف آئی ایچ

ہالینڈ اور بیلجیم میں جاری ہاکی ورلڈ کپ کا کریز اس وقت عروج پر ہے جو بہت خوش آئند ہے، صدر ایف آئی ایچ

اسلام آباد (این این آئی) فیڈریشن آف انٹرنیشنل ہاکی (ایف آئی ایچ) کے صدر طیب اکرام نے پاکستان اور بھارت کے درمیان میچز کو انٹرنیشنل ہاکی کے لیے بہت اہم قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق طیب اکرام نے کہا کہ کرکٹ کی طرح ہاکی میں بھی پاکستان اور بھارت کا میچ ہاؤس فل ... عروج پر ہے جو بہت خوش آئند ہے۔ دونوں ممالک میں ہاکی کو ہر سطح پر بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ پاکستان میں ہاکی لیگ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے طیب اکرام نے کہا کہ پاکستان ہاکی لیگ ملک میں ہاکی کو ایک بار پھر زندہ کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ہاکی لیگ سے پاکستانی ... سکتا ہے۔ طیب اکرام نے حال ہی میں حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز کے اعلان پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ میرے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور صدر پاکستان کا بہت شکرگزار ہوں۔ تمغہ امتیاز ایک موٹیویشن بھی ہے کہ ہاکی کی ترقی کے لیے مزید آگے بڑھ کر کام کر سکوں۔ ... جب ریکارڈ تعداد میں شائقین نے گراؤنڈ کا رخ کیا۔ صدر ایف آئی ایچ نے کہا کہ ورلڈ کپ میں پاکستان اور بھارت کا میچ ویور شپ سمیت ہر حوالے سے بہت زبردست رہا، روایتی ٹیموں کے درمیان میچز انٹرنیشنل اور ایشین سطح پر بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ ہالینڈ اور بیلجیم میں جاری ہاکی ورلڈ کپ کا کریز اس وقت ...

دوسری شادی کرنے والے مرد پسند نہیں، مشال خان

میں شادی کے معاملے کو پرائیویٹ رکھنا چاہتی ہوں، لوگ میری شادی سے دور رہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مشال خان نے کہا ہے کہ مجھے دوسری شادی کرنے والے مرد پسند نہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں پوڈکاسٹ میں شرکت کی اور اس دوران شادی سے متعلق اپنے خدشات کا اظہار ... اعلان کروں گی کہ میری شادی ہوگئی ہے لیکن ساتھ ہی میں چاہتی ہوں کہ وہ اس کے بارے میں بات نہ کریں، اس پر بلاگ شیئر نہ کریں بس اسے نجی رہنے دیں۔ مشال خان نے کہا کہ شوہر کو دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں دوں گی ... میرا شوہر میری زندگی میں واحد شخص ہو اور میں اس کی زندگی میں واحد عورت ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں وہ نہیں ہوں جسے کسی مرد کے ماضی سے کوئی مسئلہ ہو، مرد طلاق یافتہ ہو سکتا ہے لیکن اگر میں اس سے شادی کروں تو شادی کے وقت اسے سنگل ہونا چاہیے۔ ... (پرائیویٹ) رکھنا چاہتی ہوں لیکن میں یہ کیسے یقینی بنا سکتی ہوں کہ یہ ایک نجی معاملہ ہوگا؟ میں اس بات کو کیسے یقینی بناؤں گی کہ لوگ میری شادی سے دور رہیں؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ مثال کے طور پر میں ...

نعمان مسعود اسلام آباد کیوں منتقل ہوئے؟ اداکار نے کراچی چھوڑنے کی وجہ بتادی

محدود ماحول اور کام سے بور ہو گیا تھا، والدہ کے انتقال کے بعد انہوں نے اسلام آباد آنے کا فیصلہ کیا، اداکار کی گفتگو

کراچی (آن لائن) معروف اداکار نعمان مسعود نے کراچی سے اسلام آباد منتقل ہونے کی وجوہات بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی نے انہیں اور ان کے ساتھیوں کو بہت کچھ دیا تاہم ایک وقت کے بعد وہ وہاں کے محدود ماحول اور کام سے بور ہو گئے ... کے بعد انہوں نے اسلام آباد آنے کا فیصلہ کیا۔ اسلام آباد پہنچ کر انہوں نے یہاں کی سڑکوں، پہاڑوں اور قدرتی ماحول کو دیکھا تو انہیں احساس ہوا کہ یہاں بہت کچھ موجود ہے۔ جب دل کیا بائیک نکالا اور مری، ایبٹ آباد، لاہور یا پشاور چلے جاتے ہیں۔ نعمان مسعود کے ... آمد کے بعد انہیں کچھ وقت ملا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس دوران بھی وہ دو سے زیادہ سے زیادہ 8 تک گھوم پھر کر واپس آ جاتے تھے اور انہیں محسوس ہوتا تھا کہ کراچی کے لیے وہ محنت نہیں کی جا رہی جس کا وہ مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت ایسا آیا جب وہ کام اور اسکرپٹس سے بور ہونے لگے اور والدہ کے انتقال ... کی ہمیشہ اپنے ساتھیوں سے کہتے تھے کہ اسلام آباد آ کر شوٹنگ کی جائے۔ اداکار کا کہنا تھا کہ کراچی میں ایک ہی جگہ پر مسلسل شوٹنگ کرنے سے وہاں موجود لوگ بھی بور ہونے لگے تھے جبکہ اسلام آباد میں ہم نے پی ٹی وی اور گرین ٹی وی کے دفاتر کھلنے کے بعد یہاں ڈرامہ انڈسٹری کے لیے بھی نئے مواقع پیدا ہوئے۔

ویمن ایشیا کپ اور ایشین گیمز کیلئے ٹیم سے اچھی کارکردگی کی امید رکھنی چاہیے، خواتین اسپنرز

بھارت کے خلاف میچ کا دباؤ ہوتا ہے، ہر حریف ٹیم کو ذہن میں رکھ کر تیاری کی جاتی ہے، بات چیت

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی اسپنرز نشرہ سندھو اور طوبیٰ حسن نے کہا ہے کہ ویمن ایشیا کپ اور ایشین گیمز کے لیے ٹیم سے اچھی کارکردگی کی امید رکھنی چاہیے، تیاری اچھی جا رہی ہے، کارکردگی میں تسلسل لانے کی ضرورت ہے، بھارت کے خلاف میچ کا دباؤ ہوتا ہے ... وہاں تسلسل برقرار رکھا جائے۔ اپنی بولنگ کے حوالے سے نشرہ سندھو نے کہا کہ وہ ہر میچ میں ایک ہی پلان کے ساتھ نہیں جاتیں بلکہ حریف اور میچ کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے حکمت عملی تیار کرتی ہیں۔ ... کھلاڑی واقف ہیں، اس لیے ٹورنامنٹ سے قبل کنڈیشنز کے مطابق ٹریننگ کرنا انتہائی اہم ہے۔ طوبیٰ حسن نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں جتنی غلطیاں کم کی جائیں اتنا ہی ٹیم کو فائدہ ہوتا ہے اور کیمپ میں اسی چیز پر کام کیا جا رہا ہے۔

21 سابق کرکٹ کپتانوں کا وزیراعظم کو خط، عمران خان کیلئے طبی سہولیات کا مطالبہ

اپیل سیاستدانوں نہیں، کرکٹ کے میدان میں عمران خان کے سابق ساتھیوں اور حریفوں کی حیثیت سے کر رہے ہیں، کھلاڑی

لاہور (این این آئی) دنیا کے 21 سابق ٹیسٹ کپتانوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو ایک اور خط لکھ کر سابق پاکستانی کپتان اور سابق وزیراعظم عمران خان کے طبی معائنے اور مناسب علاج کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق کپتانوں نے خط میں کہا کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کو طبی معائنے کے لیے ہسپتال منتقل ... معائنہ کرنے کی اجازت دینا، ہفتہ وار خاندانی ملاقاتیں باقاعدہ یقینی بنانا اور طبی معائنے کی بنیاد پر تجویز کردہ علاج فوری فراہم کرنا شامل ہے۔ خط پر دستخط کرنے والوں میں مائیکل ایتھرٹن، ایلسٹر کک، مائیکل بریرلی، گریگ چیپل، ایان چیپل، ایلن بارڈر، بلنڈا کلارک، ... سکتا ہے۔ سابق کپتانوں نے واضح کیا کہ وہ یہ اپیل سیاستدانوں کی حیثیت سے نہیں بلکہ کرکٹ کے میدان میں عمران خان کے سابق ساتھیوں اور حریفوں کی حیثیت سے کر رہے ہیں اور پاکستان کے داخلی قانونی معاملات میں مداخلت کا ارادہ نہیں رکھتے۔ واضح رہے کہ یہ سابق عالمی کپتانوں کی جانب سے وزیراعظم کو چھ ماہ کے دوران دوسرا خط ہے، رواں سال فروری میں 14 سابق کپتانوں نے بھی عمران خان کی صحت اور سہولیات پر ایک آنکھ کی بینائی متاثر ہونے کی رپورٹس پر تشویش کا اظہار کیا تھا۔

اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کی 18 ویں برسی (آج) منائی جائیگی

احمد فراز کو آدم جی ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، اباسین ایوارڈ، نقش ادب ایوارڈ سمیت لاتعداد ملکی و غیر ملکی ایوارڈز سے نوازا گیا

کوئٹہ (این این آئی) اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کی 18 ویں برسی (آج) 25 اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر کے ادبی حلقوں میں تعزیتی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں احمد فراز کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ احمد فراز 12 جنوری 1931 کو پشاور میں پیدا ہوئے ... ایوارڈز سے نوازا جا چکا ہے احمد فراز نے سابق صدر جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت میں بعض پالیسیوں کی مخالفت پر احتجاجاً ہلال امتیاز واپس کر دیا تھا۔ احمد فراز کی شاعری کے انگریزی، فرانسیسی، ہندی، یدش، جرمن، روسی اور دیگر ... 25 اگست 2008 کو وہ اچانک گردوں کی بیماری کی وجہ سے اسلام آباد کے ایک اسپتال میں جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔ احمد فراز کو آدم جی ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، اباسین ایوارڈ، نقش ادب ایوارڈ سمیت لاتعداد ملکی و غیر ملکی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

علی ظفر نے شمالی امریکا میں دھوم مچادی، 'روشنی ٹور' میں 75 ہزار سے زائد مداح اُمڈ آئے

اگلے روز انہوں نے سیکرامنٹو کے کیل ایکسپو میں یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے سلسلے میں پرفارم کیا

نیویارک (آن لائن) پاکستانی گلوکار و اداکار علی ظفر کا 'روشنی ٹور' شمالی امریکا میں غیر معمولی کامیابی حاصل کر رہا ہے جہاں امریکا اور کینیڈا کے 8 شہروں میں ہونے والے کنسرٹس میں اب تک 75 ہزار سے زائد مداح شرکت کر چکے ہیں۔ علی ظفر نے شمالی امریکا میں اپنے ٹور کا ایک اور مرحلہ مکمل ... مساگا میں سیلیبریشن اسکوائر پر ہونے والے علی ظفر کے کنسرٹ میں تقریباً 45 ہزار افراد شریک ہوئے تھے جسے خطے میں کسی پاکستانی فنکار کے بڑے اجتماعات میں شمار کیا گیا۔ ... دوران علی ظفر کو ثقافتی سفیر کے اعزاز سے بھی نوازا گیا۔ اگلے روز انہوں نے سیکرامنٹو کے کیل ایکسپو میں یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے سلسلے میں پرفارم کیا جہاں 20 ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔ منتظمین کے مطابق یہ اس تقریب کی تاریخ میں ریکارڈ کیا جانے والا سب سے بڑا اجتماع تھا۔ علی ظفر کے شمالی امریکا میں کنسرٹس کے مجموعی شائقین کی تعداد اب 75 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ ... جبکہ مزید بین الاقوامی شوز کی تاریخوں کا اعلان متوقع ہے۔ علی ظفر کا 'روشنی' البم مختلف میوزک اسٹریمنگ پلیٹ فارمز پر دستیاب ہے۔

انگلینڈ کے فاسٹ بولر برائیڈن کارس نائٹ کلب سے گرفتار

ڈربی میں گزشتہ رات پیش آنے والے واقعے سے آگاہ ہیں، معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، بورڈ کی تصدیق

لندن / ڈربی (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر برائیڈن کارس ڈربی کے ایک نائٹ کلب میں پیش آنے والے واقعے کے بعد پولیس کی جانب سے حراست میں لے لیے گئے، کھلاڑی کو جھگڑے میں پولیس اسٹیشن لے جایا گیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق برائیڈن کارس کو پولیس اہلکاروں ... 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے ابتدائی 2 میچز کیلئے انگلینڈ کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا تھا تاہم انہیں پہلے ٹیسٹ میں ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب انگلینڈ کے ٹیسٹ کپتان ...

میں نے پاکستان کی ایسی کمزور ٹیم کبھی نہیں دیکھی، کھلاڑی بالکل بے بس اور خوفزدہ دکھائی دے رہے ہیں، مائیکل وان

کیا واقعی ہماری ٹیم آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں سب سے آخری نمبر پر نہیں؟ سوال کھڑے ہوگئے، رپورٹ

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے سابق کپتان مائیکل وان نے پاکستانی ٹیم کی حالت زار پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے پاکستان کی ایسی کمزور ٹیم کبھی نہیں ... ہم آٹھویں درجے پر ہیں؟ کیا پلیئرز رینکنگ کے ٹاپ 10 میں بمشکل ہمارا ایک، ایک بولر یا بیٹر شامل نہیں، کیا ہم اپنے آخری 13 میں سے صرف 8 ٹیسٹ ...

فلم انڈسٹری کے بانی، ہدایتکار نذیر احمد کی 34 ویں برسی (کل) منائی جائیگی

انہیں باؤ جی کے نام سے پہچانا جاتا ہے، ان کی پہلی پنجابی فلم پہلی سلور جوبلی کرنے والی پاکستانی فلم تھی

لاہور (این این آئی) متحدہ ہندوستان، پاکستان فلم انڈسٹری کے بانی، معروف اداکار، پروڈیوسر، ہدایتکار اور فلم کے دیگر شعبوں میں مہارت رکھنے والے نذیر احمد خان کی 34 ویں برسی (کل) 26 اگست کو منائی جائے گی، انہیں پاکستان اور بھارت میں باؤ جی کے نام سے بھی پہچانا جاتا ... انڈسٹری کیلئے بہت سے نئے چہرے تلاش کئے اور انہیں فلم انڈسٹری میں بطور سٹارز متعارف کرایا۔ انہوں نے حیران کن طور پر 30 دنوں کے اندر فلم مکمل کرنے بشمول پوسٹ پروڈکشن کا کام مکمل کرنے کا منفرد ریکارڈ بھی قائم کیا ...

فلم انڈسٹری کے بانی، ہدایتکار نذیر احمد کی 34 ویں برسی 26 اگست کو منائی جائیگی

انہیں باؤ جی کے نام سے پہچانا جاتا ہے، ان کی پہلی پنجابی فلم پہلی سلور جوبلی کرنے والی پاکستانی فلم تھی

لاہور (این این آئی) متحدہ ہندوستان، پاکستان فلم انڈسٹری کے بانی، معروف اداکار، پروڈیوسر، ہدایتکار اور فلم کے دیگر شعبوں میں مہارت رکھنے والے ... انڈسٹری کیلئے بہت سے نئے چہرے تلاش کئے اور انہیں فلم انڈسٹری میں بطور سٹارز متعارف کرایا۔ انہوں نے حیران کن طور پر 30 دنوں کے اندر فلم مکمل کرنے ...

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders toGet Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S. No	Name of Work	E/Cost	Tender Fee	Bid Security
1	Construction of Class Room GBPS Killi Ali Muhammad TSE-2627081173363	3,000,000/-	1000/-	2%
2	Repair of BHU Malik Ali Muhammad TSE-2627081173223	15,00,000/-	1000/-	2%
3	Repair of BHU Muhammad Khan TSE-2627081173193	15,00,000/-	1000/-	2%
4	Repair of BHU Nasar Abad Washroom & Boundary wall TSE-2627081173273	3,000,000/-	1000/-	2%
5	Construction of Boundary wall and Repair of BHU Bugat, Repair of RHC Wahvi, BHU Mala Shaho, BHU Marjanzai and Repair of Labor Room BHU Murghazai TSE-2627081173613	10,000,000/-	1000/-	2%
6	Repair of Degree College Academic building and Electrical work Govt Boys Degree College Duki TSE-2627081173643	4,000,000/-	1000/-	2%
7	Cricket and Football ground Nana Sahib Ziarat TSE-2627081173653	5,000,000/-	1000/-	2%
8	Repair of DHO Office and House at DHQ Duki TSE-2627081173173	5,000,000/-	1000/-	2%
9	Rehabilitation of Futsal ground at Killi Rabat TSE-2627081173633	5,000,000/-	1000/-	2%
10	Repair and Additional Class Room of GBHS Killi Duki TSE-2627081173443	6,000,000/-	1000/-	2%
11	Repair of GGMS Duki TSE-2627081173393	2,000,000/-	1000/-	2%
12	Construction of Room GGPS New Nasar Abad TSE-2627081173553	2,000,000/-	1000/-	2%
13	Repair & Const: of B/wall GMS Killi Karim Khan Nasir TSE-2627081173533	3,000,000/-	1000/-	2%
14	Rehabilitation of Cricket Ground at Duki City TSE-2627081173593	5,000,000/-	1000/-	2%
15	Repair of Regional Mines Office and Rest House TSE-2627081173623	3,000,000/-	1000/-	2%
16	Construction of Staff Room MNCH Centre Moin Shah TSE-2627081173333	1,000,000/-	1000/-	2%
17	Parking shed raising of Boundary wall drainage system in DHQ Hospital Duki TSE-2627081173303	5,000,000/-	1000/-	2%
18	Repair of GPS Qila Jan Muhammad Duki TSE-2627081173423	3,000,000/-	1000/-	2%
19	Repair of GPS Killi Malik Safar Kamal Khail Nasir TSE-2627081173583	1,500,000/-	1000/-	2%
20	Repair of BHU Tajan Kochi Nana Sahib Ziarat, CD Bani Kot, CD Hosri, BHU Nana Sahib Ziarat TSE-2627081173603	4,500,000/-	1000/-	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. 2. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,050,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3. Procedure Of Procurement:Single Stage One Envelope Bidding Procedure 4. Bid Security: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. 5. Tender Documents: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR 6. Issuance of tender Documents: From the date of publication of NIT to 07 September, 2026 during office hours on working days 7. Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 07 September, 2026 till 11:00 AM . 8. Tender opening: All tenders will be opened on same day at the office of the under signed at 12:00 PM 9. Address: Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki Phone no: 0824660630 Fax no: Email: Executive Engineer malakasadkhantareen@gmail.com Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki

Executive Engineer Building
CW PP&H Department District
Duki

DPRQ/PRQ No.966/21-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Road) CWPP&H Department District Usta Mohammad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

S. No	Name of Work	E/Cost	Tender Fee	TSE Number
1	REHABILITATION OF 1.7KM B/T ROAD FROM BAKHIRRA PHATTAK TILL NURSERY WATER COURSE USTA M.	16,931,422	1,000 PKR	TSE-267081175523
2	REHB: OF 1.5KM B/T ROAD AT QAIM ABAD BADENI (BADAL BADENI)	14,929,264	1,000 PKR	TSE-267081175503
3	REHABILITATION OF 1.8 KM B/T ROAD FROM BAKHIRRA TO TILL MAIN JHATPAT ROAD VIA FAISAL KOT.	14,891,739	1,000 PKR	TSE-2627081175483
4	REHB: OF 0.8KM B/T ROAD AT VILLAGE MIR TAHIR KHAN JAMALI.	9,960,109	1,000 PKR	TSE-2627081175463
5	REHB: OF 0.8KM 18FT B/T ROAD AT SARDAR RUSTAM KHAN JAMALI WITH TUFF TIL, CAT EYES, LINING,SOLAR LIGHTS, FOOT PATH AND SIGN BOARDS.	17,900,688	1,000 PKR	TSE-2627081175453
6	CONSTRUCTION OF 0.6KM B/T ROAD MUMTAZ KANDRANI VILLAGE.	9,949,591	1,000 PKR	TSE-2627081175103
7	CONSTRUCTION OF 1KM B/T ROAD AT AHMED ABAD (HAJI ISMAIL SHAWANI)	12,941,688	1,000 PKR	TSE-2627081175063
8	REB: OF 2KM B/T ROAD AT VILLAGE NIAZ AHMED PANDRANI USTA MUHAMMAD.	19,910,258	1,000 PKR	TSE-2627081175053
9	CONSTRUCTION OF 0.8KM B/T ROAD AT VILLAGE ALI ABAD.	12,938,514	1,000 PKR	TSE-2627081175023
10	CONSTRUCTION OF NOSHKI ROAD 16 FEET 0.7KM B/T ROAD WITH TUFF TILE AND CAT EYES & LINING.	10,946,805	1,000 PKR	TSE-2627081174803
11	CONSTRUCTION OF 1KM B/T ROAD AT VILLAGE GHULAM RASOOL LEHRI.	14,930,001	1,000 PKR	TSE-2627081173873
12	CONSTRUCTION OF 1KM B/T ROAD AT VILLAGE HABIB UR REHMAN BUGTI.	12,930,665	1,000 PKR	TSE-2627081173783
13	CONSTRUCTION OF 1KM B/T ROAD AT VILLAGE AFAN KHAN WITH TUFF TILE AND CAT EYES & LINING.	11,953,337	1,000 PKR	TSE-2627081173003
14	CONSTRUCTION OF 0.8KM B/T ROAD AT VILLAGE JUNAID KHAN USTA MUHAMMADH.	11,942,662	1,000 PKR	TSE-2627081172573
15	REHABILITATION OF 0.7KM B/T ROAD FROM MEHRABPUR TURN TOWARDS SAIFULLAH SHAKH.	9,963,005	1,000 PKR	TSE-2627081175533

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of Amount as specified in bidding documents in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call:** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **10 September, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10 September, 2026** till **12:00 PM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of the Executive Engineer (Road) CWPP&H Department District Usta Mohammad at Usta Mohammad

Phone no: 0332249304 **Email:** xenroadum@gmail.com

Executive Engineer (Road)
CWPP&H Department District
Usta Mohammad

DPRQ/PRQ No.983/24-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan